Maulana Azad National Urdu University

B.A. III Semester Examination, February – March 2022

BAEC301CCT: MACROECONOMICS – I

کلی معاشیات (اوّل)

Time: 3 Hours **Maximum Marks: 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے حصہ اول وحصہ دوم ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

حصہ اول میں 10 سوالات ہیں۔ ان میں سے طالب علم کو کوئی آٹھ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریبا (100) لفظوں میں مطلوب ہے۔ ہر جواب پر 5 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 marks)**

حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ ان میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریبا (250) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر جواب پر 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3x10=30 marks)**

حصہ اوّل

1. وہ تمام اشیاء یا خدمات جو گھر میں پیدا کی جاتی ہیں لیکن انہیں فروخت نہیں کیا جاتا جیسے بچّوں کی پرورش و دیکھ بھال یا گھر کے پکوان وغیرہ، ان کو مجموعی گھریلو پیداوار میں شامل کرنے کی موافقت یا مخالفت میں دلائل پیش کیجیے۔

2. درج ذیل معلومات کی روشنی میں مجموعی گھریلو پیداوار معلوم کیجیے۔

صرف	2,799.8
فرسودگی	481.6
برآمدات	376.2
مجموعی نجی داخلی سرمایہ کاری	671.0
بالراست محصول	331.4
حکومتی خرید	869.7
حکومتی خرچ بلا اجر	947.8
درآمدات	481.7

3. واضح کریں کہ مجموعی طلب یا قلیل مدتی مجموعی رسد میں ہونے والی درج ذیل تبدیلیاں پیداوار اور مجموعی قیمت پر کیسے اثر انداز ہوتی ہیں۔

   i. مجموعی طلب میں اضافہ

   ii. مجموعی طلب میں کمی

   iii. قلیل مدتی مجموعیرسد میں اضافہ

   iv. قلیل مدتیمجموعیرسد میں کمی

4. اگر کینسائی تقاطع میں تعمّلِ صرف درج ذیل ہے، سرمایہ کاری 100 روپے ہے حکومتی خرچ 100 روپے ہے اور جملہ محصول 100 روپے ہے،

$$C = 200 + 0.75(Y - T)$$

تو،

   i. جملہ منصوبہ بند خرچ اور آمدنی/پیداوار کو شکل میں واضح کیجیے

   ii. آمدنی کے توازن کی سطح/مقدار کیا ہے؟

   iii. اگر حکومتی خرچ بڑھ کر 125 روپے ہوجائے تو نیا آمدنی کا توازن کیا ہوگا؟

   iv. اگر آمدنی کو 1600 روپے تک بڑھانا ہے تو حکومتی خرچ کو کتنا بڑھنا ہوگا؟

5. ثابت کیجیے کہ $MPC + MPS = 1$۔
6. سرمایہ کاری پر اثر انداز ہونے والے عوامل بیان کیجیے۔
7. اگر آپ کا خرچِ صرف 30000 روپے سے بڑھ کر 40000 روپے ہوتا ہے جب کہ آپ کی آمدنی 84000 روپے سے بڑھ کر 96500 روپے ہوتی ہے تو آپ اپنا حاشیائی میلانِ صرف معلوم کیجیے۔
8. ضاربِ محصول پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔
9. کسی معیشت میں اوسط میلانِ صرف 0.75 ہے اور حاشیائی میلانِ صرف 0.8 ہے تو ضارب کیا ہو گا؟
10. اگر چین، جو کہ بھارت کا اہم تجارتی شریک ہے، اس کی معیشت بحران کی شکار ہوتی ہے تو بھارت کی معیشت پر کیا اثر ہو گا۔ مجموعی طلب و مجموعی رسد کے تجزیہ کی روشنی میں جواب دیجیے۔

حصہ دوّم

11. امریکی معیشت میں کم ہوتے بچت کے رجحان کی وجوہات واضح کیجیے۔
12. بین الاقوامی تجارتی ضارب کو ریاضیاتی سطح پر واضح کیجیے۔ یہ واضح کریں کہ حاشیائی میلانِ صرف اور حاشیائی میلانِ درآمد کے کم یا زیادہ ہونے کا اثر ضارب پر کیا ہو گا۔
13. کورا یکان کی جانب سے فراہم کردہ سرمایہ داری کی عین تعریف بیان کیجیے۔
14. ادوارِ تجارت کو بذریعہ تاریخی مثال واضح کیجیے۔
15. مجموعی گھریلو پیداوار کے تصور کے نقصانات واضح کیجیے۔

****